SCHOOL BASED ASSESSMENT 2023
MODEL PAPER
GRADE 3
URDU PART – A (Objective Type)

[Part A: 50 Marks Part B: 50 Marks Total: 100 Marks]

School : ______________________________

Tehsil : ______________________ **District:** ______________________

Student Name : ______________________ **Section :** ______________________

Roll Number : ______________________ **Date :** ______________________

طلبا کے لیے عمومی ہدایات:

۱۔ماسک پہنیں اور آپس میں کم از کم 3 فٹ کا فاصلہ رکھیں۔

۲۔ غور سے پڑھیں اور تمام سوالات حل کریں ۔

۳۔ہر کثیر الانتخابی سوال کے صحیح جواب پر دائرہ لگائیں جیسا کہ نیچے دی گئی مثال میں دکھایا گیا ہے ۔

مثال : کیچڑ کی وجہ سے پھیلنے والی بیماری ہے:

(a) پولیو (b) خسرہ

(c) ڈینگی ⓓ کانگو

۴۔ اگر کسی سوال میں ایک سے زیادہ جوابات کے گرد دائرہ لگایا گیا تو کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا ۔

Result.pk

وقت: 1 گھنٹہ	(حصہ الف) کثیر الانتخابی سوالات	کل نمبر: 50

ہدایات: اس پیپر میں پچیس کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں۔ ہر سوال کے کل 2 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 1: "فاضل" کا معنی ہے:

(a) علم والا (b) پرہیز گار (c) پڑھنے والا (d) سوچنے والا

سوال نمبر 2: فلک پر ستارے چمکتے ہیں۔ "فلک" کا معنی ہے:

(a) زمین (b) دریا (c) میدان (d) آسمان

سوال نمبر 3: ایک ڈبے میں بتیس دانے

بوجھنے والے بڑے سیانے

اس پہیلی میں چھپی دانش ہے:

(a) ناخن (b) دانت (c) انگلیاں (d) بال

سوال نمبر 4: لفظ "حساب" کی درست ادائیگی ہے:

(a) حِساب (b) حُساب (c) حَساب (d) حَساَبِ

سوال نمبر 5: کسی کے دکھ اور تکلیف کے موقع پر اظہار کے لیے استعمال ہونے والے الفاظ ہیں:

(a) افسوس،صد افسوس (b) معاف کیجیے گا (c) ازراہ کرم (d) شکریہ

سوال نمبر 6: کسی سے کوئی چیز اُدھار لینی ہو تو آدابِ گفتگو کے حوالے سے بولا جاتاہے:

(a) افسوس (b) براہ مہربانی (c) خوش آمدید (d) معذرت

سوال نمبر 7: تصویر میں بچے کیا کر رہے ہیں؟

(a) لڑائی کر رہے ہیں۔
(b) صفائی کر رہے ہیں۔
(c) کھدائی کر رہے ہیں۔
(d) گندگی پھیلا رہے ہیں۔

سوال نمبر 8: درست املا والا لفظ ہے:
(a) قام یاب (b) کامیاب (c) قامیاب (d) قم یاب

سوال نمبر 9: "میں نے شام کو کھانا ــــــــ"اس جملے میں درست فعلی لفظ استعمال ہو گا:
(a) کھاتا (b) کھائے (c) کھائی (d) کھایا

سوال نمبر 10: "اسلم نے مجھے خوبصورت قلم دیا۔"اس جملے میں صفاتی لفظ ہے:
(a) اسلم (b) قلم (c) مجھے (d) خوبصورت

سوال نمبر 11: لفظ" آزادی " کا متضاد ہے:
(a) امیری (b) فقیری (c) غلامی (d) غریبی

سوال نمبر 12: کتاب کی جمع ہے :
(a) کتابت (b) کتابات (c) کتبے (d) کتب

سوال نمبر 13: مونث کے درست استعمال والا جملہ ہے:
(a) مرغی انڈہ دیتی ہے۔ (b) بکری گھاس کھاتا ہے۔ (c) گائے دودھ دیتا ہیں۔ (d) ہرنی دوڑ لگاتا ہے۔

سوال نمبر 14: فاطمہ میری دوست ہے ۔اس کے ابو ڈاکٹر ہیں جو کہ غریبوں کا مفت علاج کرتے ہیں۔ اس جملے میں اسم ضمیر ہے:
(a) ہیں (b) اس (c) علاج (d) کرتے

Result.pk

سوال نمبر 15: استفہامیہ جملہ ہے:
(a) میں سکول جاؤں گا۔ (b) میں سکول نہیں جاؤں گا۔ (c) میں سکول جا رہا ہوں۔ (d) کیا میں سکول چلا جاؤں؟

سوال نمبر 16: "کیا احمد کھیلتا ہے؟"اس استفہامی جملے کا درست اقراری جملہ ہے:
(a) احمد نہیں کھیلتا ہے۔ (b) جی ہاں! احمد کھیلتا ہے۔ (c) احمد کیوں کھیلتا ہے؟ (d) کھیلو اور صحت پاؤ۔

سوال نمبر 17: فعل حال کے مطابق درست جملہ ہے:
(a) مگر مچھ تالاب میں رہتا ہے۔ (b) مگر مچھ تالاب میں رہے گا۔ (c) مگر مچھ تالاب میں رہ رہا ہو گا۔ (d) مگر مچھ تالاب میں رہتا تھا۔

سوال نمبر 18: فعل مستقبل کا جملہ ہے:
(a) ہم اسلام آباد جا چکے ہیں۔ (b) ہم اسلام آباد گئے تھے۔ (c) ہم اسلام آباد جا رہے ہیں۔ (d) ہم اسلام آباد جائیں گے۔

سوال نمبر 19: " اسد لاہور جاتا ہے۔" اس جملے سے فعل ماضی کا درست جملہ ہے:
(a) اسد لاہور جا رہا ہے۔ (b) اسد لاہور گیا تھا۔ (c) اسد لاہور جائے گا۔ (d) اسد لاہور جا رہا ہو گا۔

سوال نمبر 20: اسم نکرہ کی درست فہرست ہے:
(a) لڑکا، نعمان، سلیمان (b) عورت، آدمی، بشیر (c) کرسی، میز، گلاس (d) کرسی، میز، جاوید

پیرا گراف ہدایات *

مندرجہ ذیل پیرا گراف پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

پنجاب دو لفظوں پنج اور آب سے مل کر بنتا ہے،پنج کے معنی ہیں پانچ اور آب کے معنی ہیں پانی۔ گویا پنجاب کے معنی ہیں پانچ دریاؤں کی زمین۔ اس صوبے کی سرحدیں بلوچستان ، خیبر پختونخوا اور سندھ سے ملتی ہیں۔ پنجاب کا دارالحکومت لاہور ہے۔ اسے پاکستان کا دل کہا جاتا ہے۔ یہ صدیوں سے علم و ثقافت کا مرکز رہا ہے۔ ملتان ، فیصل آباد ، سیالکوٹ ، گوجرانوالہ اور بہاولپور کا شمار پنجاب کے بڑے شہروں میں ہوتا ہے۔ فیصل آباد کو پاکستان کا مانچسٹر کہا جاتا ہے۔یہاں کپڑا بنانے کی صنعت ہے۔ کھیلوں کا سامان اور آلات جراحی بنانے میں سیالکوٹ کا کوئی ثانی نہیں ۔ عظیم فلسفی شاعر علامہ محمد اقبالؒ اسی شہر میں پیدا ہوئے تھے۔ وزیر آباد میں اعلیٰ قسم کے چاقو چھریاں بنائی جاتی ہیں۔ گجرات کی پہچان عمدہ قسم کے فرنیچر کے ساتھ ساتھ پنکھا سازی کی صنعت بھی ہے۔ گوجرانوالہ میں بجلی سے چلنے والی اشیا مثلاً واشنگ مشین ،پنکھے ،روم کولر اور ہیٹر بنتے ہیں ۔ چنیوٹ میں بنا ہوا فرنیچر اپنی مثال آپ ہے۔

سوال نمبر 21 : پنجاب کی سرحدیں کتنے صوبوں سے ملتی ہیں ؟

(a) ایک (b) دو (c) تین (d) چار

سوال نمبر 22 : پنجاب کا دارالحکومت ہے:

(a) فیصل آباد (b) ملتان (c) سیالکوٹ (d) لاہور

سوال نمبر 23 : لفظ " آلات " کا واحد ہے:

(a) اعلیٰ (b) آلہ (c) آلے (d) آلوں

سوال نمبر 24 : علامہ محمد اقبالؒ کا مزار ہے:

(a) فیصل آباد میں (b) لاہور میں (c) ملتان میں (d) سیالکوٹ میں

سوال نمبر 25 : پیرا گراف کا مناسب عنوان ہے:

(a) صوبہ پنجاب (b) صوبہ سندھ (c) صوبہ بلوچستان (d) صوبہ خیبر پختونخوا

Result.pk